سوال

طلاق اور مہر کا معاملہ

جواب

مہر میں دیا گیا سونا رقم دے کر خرید لینا السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ نکاح کے بعد مہر معجل کی جگہ سونے کی کوئی چیز دی تو طلاق کے وقت کیش دے کر سونے کی واپسی کا مطالبہ کیا جا سکتا ہے ۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! بظاہر تو اس میں کوئی ممانعت نظر نہیں آتی ، بشرطیکہ بیوی اسے واپس کرنے پر راضی ہو جائے ۔ کیونکہ یہ تجارت کی ایک قسم معلوم ہوتی ہے ، جس میں فریقین کی باہمی رضامندی ضروری ہے ۔ گویا آپ پیسے دے کر وہ چیز اس سے خرید رہے ہیں ۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب فتوی کمیٹی محدث فتوی